ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

سندھ بھر میں جرائم کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن۔

سندھ بھر سے مجموعی طور پر 8948 مفرور/اشتہاری ملزمان گرفتار۔

کراچی 20 اکتوبر 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کے واضح احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے سندھ بھر میں جرائم کیخلاف جاری کریک ڈاؤن کے نتیجے میں پولیس نے متعلقہ عدالتوں سے اشتہاری اور مفرور قرار دیئے جانیوالے 3642 مفرور اور 5306 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا۔

مورخہ 18 ستمبر تا یکم اکتوبر 2019ء پولیس رپورٹ کیمطابق ضابطہ فوجداری کی دفعہ 87 / 88 کے تحت دوران ایکشن سندھ بھر میں مفرور اور اشتہاری ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن کارکردگی میں ضلعوں کی سطح پر پہلی پوزیشن ڈسٹرکٹ شکارپور نے حاصل کی جہاں پولیس نے اختیار کردہ حکمت عملی اور لائحہ عمل کے تحت مختلف تھانہ جات کی حدود میں کاروائیوں کے دوران 74 مفرور اور 1392 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا۔

رپورٹ میں بتایا گیا کہ پولیس رینج/زون کے لحاظ سے پہلی پوزیشن لاڑکانہ پولیس رینج کی رہی۔ جہاں رینج کے متعلقہ تھانوں کی حدود میں بہترین اور عمدہ حکمت عملی اور باہم روابط کے نتیجے میں 3161 اشتہاری، 2022 مفرور ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔

رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ سکھر رینج نے دوسری، حیدرآباد نے تیسری، ویسٹ نے چوتھی پوزیشن جبکہ ساؤتھ، شہید بینظیر آباد ایسٹ اور میرپورخاص نے بالترتیب پانچ تا آٹھویں پوزیشن حاصل کی جہاں گرفتار مفرور اور اشتہاری ملزمان کی مجموعی تعداد 3765 تھی۔

مفرور اور اشتہاری ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ڈی آئی جی لاڑکانہ عرفان بلوچ اور ایس ایس پی شکارپور ڈاکٹر رضوان کو شاباش دیتے ہوئے بالترتیب ایک، ایک لاکھ روپے انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔